| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تعوذ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں تعوذ سے کیا مراد ہے؟ اُن کے جوابات لیں اور اُن سے اس کا ترجمہ پوچھیں۔ طلبہ کو بتائیں اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کو تعوذ کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر 5 کھلوائیں اور تعوذ مع ترجمہ پڑھائیں۔
- طلبہ سے دُرُست تجوید اور تلفظ کے ساتھ تعوذ کی چار سے پانچ بار پڑھائی کرائیں۔
- انھیں وضاحت کریں کہ چونکہ شیطان اِنسان کا کھلا دُشمن ہے اس لیے ہم جب بھی قرآن پاک پڑھتے ہیں تو سب سے پہلے تعوذ پڑھتے ہیں تا کہ ہم اسے پڑھ کر اپنے رب تعالیٰ کی پناہ میں آجائیں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 6 منٹ

طلبہ سے تعوذ اور اس کا ترجمہ زبانی سُنیں۔ اچھّا سبق سُنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صُورت میں ان کی اصلاح کریں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

طلبہ تعوذ کو اپنی کاپیوں میں خُوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

❖ ترجمہ لکھیں۔

# اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

________________________________________

________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:1 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تعوذ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔ چارٹ پیپر

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر تعوذ کا چارٹ پیپر چسپاں کریں۔ پہلے خود تعوذ کے ہر حرف کو دُرست تلفظ سے پڑھیں اور پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ آپ کے ساتھ ساتھ تعوذ کے ہر لفظ کو دُرست تلفّظ سے ادا کریں۔

طلبہ کو چارٹ سے تعوذ کا ترجمہ پڑھ کر سُنائیں اور ان سے بھی ترجمہ کہلوائیں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری آسمانی کتاب ہے۔ اس کتاب کو حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر تقریباً 23 سال کے عرصے میں تھوڑا تھوڑا نازل کیا گیا۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ جانتے ہیں قرآنِ مجید میں کل کتنے پارے ہیں اور پاروں میں کتنی سورتیں ہیں؟ ان سے جوابات لیں۔

قرآنِ مجید ← تیس(30) پارے ← ایک سو چودہ(114)

- طلبہ کو قرآنِ مجید کا نسخہ دکھائیں اور پاروں اور سورتوں کی وضاحت کریں۔ انھیں بتائیں کہ قرآنِ مجید دُنیا کی پاک اور بہترین کتاب ہے۔ اس کو پڑھنے کے کچھ آداب ہیں۔
- جیسے: ❖ قرآن پاک کو باوضو ہاتھ لگانا۔

تلاوت کرنے کی جگہ کا پاک صاف ہونا۔

❖ قرآنِ مجید کی تلاوت سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنا۔

- انھیں واضح کریں کہ تعوذ پڑھنے سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاتے ہیں اور شیطان کے بہکاوے سے دور رہتے ہیں۔
- انھیں مزید مواقعوں کی نشان دہی کرائیں کہ کب تعوذ پڑھی جانی چاہیے:

❖ غصہ آنے پر ❖ بُرا خیال آنے پر

- طلبہ کو بتائیں کہ جب بھی غصہ آئے تعوذ کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنی چاہیے۔
- ''نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے بھی غصے کی حالت میں خاموشی اختیار کرنے اور تعوذ پڑھنے کا حکم دیا ہے''۔( صحیح الجامع)

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصر اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے تعوذ مع ترجمہ زبانی سُنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ تعوذ کا ترجمہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

**سوال 1: تعوذ کے کیا معنیٰ ہیں؟**

______________________________

______________________________

**سوال 2: تعوذ پڑھنے کے تین مواقع تحریر کریں۔**

______________________________

______________________________

______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تسمیہ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے تسمیہ کا مفہوم پوچھیں۔

تختہ تحریر پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھیں۔ طلبہ کو اس آیت کی فضیلت بتائیں کہ اس آیت کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد حاصل ہوتی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو تسمیہ کا مطلب سمجھائیں۔ تسمیہ کے معنی ہیں: نام لینا۔
- انھیں بتائیں ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام لینا چاہیے۔ کیوں کہ اسے پڑھنے سے ہر کام آسان ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد شامل ہو جاتی ہے۔
- طلبہ کو تسمیہ کا ترجمہ پڑھائیں اور زبانی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصر اً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے تسمیہ کا ترجمہ سُنیں۔اچھّا سبق سُنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صُورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ تسمیہ کو اپنی کاپیوں میں خُوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

**سوال 1 درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔**

- ترجمہ لکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

______________________________

______________________________